ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 31 اکتوبر 2019ء:۔

تیز گام ٹرین کا رحیم یار خان لیاقت پور کے قریب حادثہ، جاں بحق افراد کے واقعہ پر آئی جی سندھ کا اظہار افسوس۔

ٹرین حادثے میں سندھ سے تعلق رکھنے والے جاں بحق افراد کے گھروں پر متعلقہ ایس ایس پیز فاتحہ خوانی اور افسوس کے لیئے جائیں۔
ڈاکٹر سید کلیم امام

واقعہ انتہائی افسوسناک ہے سندھ پولیس متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ آئی جی سندھ

:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

مڈ کیئر مینجمنٹ کورس (MCMC) کے 55 رکنی وفد نے سی پی او کا دورہ کیا۔

کراچی 31 اکتوبر 2019ء:۔

مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے 28ویں بیچ کے تحت زیر تربیت 55 رکنی وفد نے سینٹرل پولیس آفس کراچی کا خصوصی دورہ کیا اور ڈی جی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ (NIMS) محسن مشتاق چاندنہ کی سربراہی میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام سے ملاقات کی۔

آئی جی سندھ نے وفد کے شرکاء بشمول تمام پولیس افسران سے فرداً فرداً مصافحہ کیا اور انھیں خوش آمدید کہتے ہوئے اپنی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار اور کورس کی کامیاب تکمیل کے لیئے دعا کی۔

واضح ہو کہ ایم سی ایم سی کورس کا دورانیہ 17 اگست تا 22 نومبر 2019ء ہے جسکا پہلا سیشن کوئٹہ جبکہ دوسرے سیشن کا انعقاد کراچی میں جاری ہے۔اس موقع پر سی پی او میں تعینات تمام سینئر افسران بھی موجود تھے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 31 اکتوبر 2019ء:۔

رزاق آباد میں پولیس ٹریننگ کے دوران گیس شیل باہر اسکول گرنے کا معاملہ۔

ہوا اچانک مخالف سمت چلنے کے باعث واقعہ پیش آیا۔ ڈی آئی جی ٹریننگ

پرنسپل رزاق آباد پولیس ٹریننگ سینٹر اسکول انتظامیہ اور علاقہ مکینوں کے پاس جائیں۔ ڈی آئی جی ٹریننگ

علاقہ مکینوں اور اسکول انتظامیہ کو اعتماد میں لیکر معاملے کو افہام و تفہیم سے حل کریں۔ ڈی آئی جی ٹریننگ

پولیس تربیت حکمت عملی اور لائحہ عمل کا از سر نو جائزہ لیکر اسے ہر لحاظ سے فول پروف بنایا جائے۔ ڈی آئی جی ٹریننگ

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔